**پریس ریلیز**

# وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ (سابقہ شیل پاکستان لمیٹڈ) نے پہلی سہ ماہی،2025ء کے مالیاتی نتائج کا اعلان کر دیا

**کراچی،پاکستان،30اپریل،2025:** وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ (WEPL) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کے پہلی سہ ماہی کے مالی نتائج کا اعلان کر دیا ہے۔ کمپنی نے 31 مارچ 2025 کو ختم ہونے والی مدت میں 873 ملین روپے بعد از ٹیکس منافع حاصل کیا، جو گزشتہ سال اسی مدت کے 314 ملین روپے کے منافع کے مقابلے میں نمایاں اضافہ ہے۔

وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ نے تیل کی صنعت میں جاری چیلنجز بشمول سیلز ٹیکس نظام میں تبدیلیوں کے باعث بڑھتے ہوئے آپریشنل اخراجات اور غیر قانونی پٹرولیم تجارت کے باوجود اپنی مارکیٹ شیئر برقرار رکھتے ہوئے آپریشنل مضبوطی اور نیٹ ورک کنٹرولز کی بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔

کمپنی صنعت سے وابستہ فریقین سے اشتراک اور ریگولیٹری اداروں سے مسلسل رابطے میں ہے تاکہ انڈسٹری مارجن میں لاگت کے دباؤ کی درست عکاسی کی جا سکے۔

لبریکنٹس کے کاروبار میں، وافی انرجی نے کنزیومر (B2C) اور انڈسٹریل (B2B) دونوں شعبوں میں ترقی حاصل کی۔ کمپنی نے Hyundai اور Suzuki جیسے اوریجنل ایکوئپمنٹ مینوفیکچررز (OEMs) کے ساتھ اہم اسٹریٹجک شراکت قائم کی۔ مزید برآں، B2B شعبہ مائننگ سیکٹر میں اپنی قائدانہ پوزیشن برقرار رکھنے میں کامیاب رہا۔

موبیلیٹی شعبے میں، وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ نے اپنے شیل برانڈڈ ریٹیل نیٹ ورک کو وسعت دی، چار نئے اسٹیشنز کا اضافہ کیا اور تین موجودہ اسٹیشنز کو اپ گریڈ کیا۔ کمپنی کے پریمیم فیول "Shell V-Power" نے سہ ماہی میں اب تک کی بلند ترین فروخت حاصل کی، جس کا انڈسٹری میں نمایاں پینیٹریشن ریٹ رہا۔

وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ نے سماجی اثرات کے اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے اپنے "تعمیر" پلیٹ فارم کے تحت لاہور اور راولپنڈی میں 52 نوجوان کاروباری افراد کو ورکشاپس کے ذریعے تربیت فراہم کی۔ خواتین کے عالمی دن کی مناسبت سے، کمپنی نے کراچی میں خواتین کے لیے ایک گاڑیوں کی دیکھ بھال اور حفاظتی معلومات پر مبنی سیشن کا انعقاد بھی کیا، جس میں شرکاء کو گاڑیوں سے متعلق بنیادی معلومات اور روڈ سیفٹی ٹپس فراہم کی گئیں۔

وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ آپریشنل ایکسیلنس، سیفٹی، مالیاتی استحکام، اور معاشرے میں اپنا ذمہ دارانہ کردار ادا کرنے کے عزم پر قائم ہے۔

***